# Third India-Bhutan Development Cooperation Talks

June 28, 2021

---

## ہندوستان – بھوٹان کے مابین ترقیاتی تعاون کے حوالے سے تیسرے دور کی بات چیت

28 جون، 2021

ہندوستان – بھوٹان کے مابین ترقیاتی تعاون کے حوالے سے تیسرے دور کی بات چیت 28 جون 2021 کو ورچوئل طریقے سے ہوئی۔ ہندوستانی وفد کی قیادت وزارت خارجہ میں سکریٹری (معاشی تعلقات) جناب راہول چھابرا نے کی، جبکہ بھوٹانی وفد کی قیادت بھوٹان کی رائل حکومت کے خارجہ سکریٹری جناب کنگاسنگے نے کی۔ بھوٹان میں ہندوستان کی سفیر محترمہ روچیرا کمبوج نے بھی اس مذاکرات میں شرکت کی۔

دوطرفہ ترقیاتی تعاون کے حوالے سے بات چیت ایک اہم باہمی میکانزم ہے جو بھوٹان کے ساتھ ہندوستان کی ترقیاتی شراکت داری کے تمام پہلؤوں کا جائزہ لیتی ہے۔ حکومت ہند نے ترقیاتی منصوبوں کے نفاذ کے لئے 4500 کروڑ کا وعدہ کیا ہے، اور اس کے علاوہ بھوٹان کے 12 ویں پانچ سالہ منصوبے (2018 - 2023) کے دوران عبوری تجارتی امداد کی سہولت کے لئے 400 کروڑ کا وعدہ کیا ہے۔ 12 ویں پانچ سالہ منصوبے کے تحت 77 بڑے اور انٹرمیڈیٹ پراجیکٹس اور 524 چھوٹے ترقیاتی منصوبے (ایس ڈی پی) / ہائی امپیکٹ کمیونٹی ڈویلپمنٹ پروجیکٹس (ایچ آئی سی ڈی پی) نفاذ کے مختلف مراحل میں ہیں۔

بھوٹان کا 12 ویں پانچ سالہ منصوبہ (2018-2023) اپنے تیسرے سال کی تکمیل کے ساتھ، دونوں فریقین نے جاری پروجیکٹ ٹائیڈ اسسٹینس (پی ٹی اے) منصوبوں کی مجموعی پیشرفت کے علاوہ چھوٹے ترقیاتی منصوبے (ایس ڈی پی) / ہائی امپیکٹ کمیونٹی ڈویلپمنٹ پروجیکٹس (ایچ آئی سی ڈی پی) کا بھی جائزہ لیا۔ بھوٹان کے خارجہ سکریٹری نے بھوٹان کی سماجی ومعاشی تبدیلی میں ہندوستان کے کردار کی تعریف کی، اور نچلی سطح پر ہائی امپیکٹ کمیونٹی ڈویلپمنٹ پروجیکٹس (ایچ آئی سی ڈی پی) کے اثرات کو بھی اجاگر کیا۔ انہوں نے کووڈ- 19 وبائی مرض کو مدنظر رکھتے ہوئے مختلف منصوبوں کے لئے فنڈز کے زیادہ تر حصے پہلے ہی ریلیز کرنے کے ہندوستان کے عندیے کی بھی تعریف کی۔ بات چیت کے دوران، دونوں فریقین نے روڈ انفراسٹرکچر، واٹر مینجمنٹ، صنعتی پارکس اور کووڈ- 19 مینجمنٹ سمیت مختلف شعبوں میں پروجیکٹ ٹائیڈ اسسٹینس (پی ٹی اے) سے متعلق کچھ نئے منصوبوں پر عمل درآمد کرنے پر بھی اتفاق کیا۔

بھارت بھوٹان کے ساتھ اپنی مراعات یافتہ شراکت کی گہرائیوں سے قدر کرتا ہے۔ بھارتی فریق بھوٹان کی ترقیاتی کوششوں میں بھوٹان کی حمایت جاری رکھنے پر پرعزم ہے۔

دونوں فریقین نے باہمی متفقہ تاریخ پر اگلی ترقیاتی تعاون سے متعلق بات چیت منعقد کرنے پر اتفاق کیا۔ دونوں ممالک کے مابین خصوصی تعلقات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی تعاون کی بات چیت دوستانہ ماحول میں ہوئی۔

**نئی دہلی**

**28 جون، 2021**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.